18.01.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....

Music

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے درمیان نئی دلّی میں وفود کی سطح پر بات چیت جاری ہے۔
☆ بھارت اور متحدہ عرب امارات نے سرمایہ کاری میں اشتراک اور کاروبار کو بڑھانے کی غرض سے دو مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔
☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں، ایک میٹنگ میں جموں و کشمیر میں نئے فوجداری قوانین کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا۔
☆ حکومت نے ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور سرکاری ویب سائٹ میں یکسانیت لانے کی غرض سے ڈیجیٹل برانڈ **Identity** مینوول جاری کیا ہے۔
☆ **FIH** پرو لیگ ہاکی ٹورنامنٹ میں آج شام بھوبنیشور میں بھارت کی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ جرمنی سے ہوگا ، جبکہ خواتین کی ٹیم اسپین کا سامنا کرے گی۔

------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے---

**Indo Qatar Talks**

نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے درمیان وفود کی سطح پر بات چیت جاری ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر ، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن ، تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور دوسرے اعلیٰ حکام بات چیت میں شریک ہیں۔ میٹنگ میں قطر کا اعلیٰ سطح کا وفد ، جس میں وزراء اور اعلیٰ حکام شامل ہیں، میٹنگ میں شرکت کررہا ہے۔ امید ہے کہ وزیر اعظم اور امیر کے درمیان تجارت ، سرمایہ کاری، توانائی اور ٹیکنالوجی کے میدان میں تعاون سمیت دوسرے کئی شعبوں میں باہمی تعلقات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔اِس سے پہلے آج صبح راشٹرپتی بھون کے سبزہ زار پر امیر کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اِس موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی اور کئی مرکزی وزراء بھی موجود تھے۔ قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی دو روزہ سرکاری دورے پر کل نئی دلّی پہنچے تھے۔ اُن کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی آیا ہے، جس میں وزراء ، اعلیٰ حکام اور تاجر بھی شامل ہیں۔ ہوائی اڈے پر وزیر اعظم نریندر مودی نے امیرِ قطر کا استقبال کیا تھا۔

**India Qatar Signed MoUs**

بھارت اور قطر نے کاروبار اور سرمایہ کاری میں اشتراک کو بڑھانے کی غرض سے دو مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ اِن پر آج نئی دلّی میں تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل اور اُن کے قطر کے ہم عہدہ وزیر شیخ فیصل بن ثانی بن فیصل الثانی کی موجودگی میں دستخط کئے گئے۔ بھارت اور قطر کے کاروباری فورم سے خطاب کرتے ہوئے، صنعت اور تجارت کے مرکزی وزیر جناب گوئل نے کہا کہ بھارت اور قطر کی آئندہ شراکت داری کا انحصار ٹیکنالوجی ، توانائی اور صنعت کاری کے فروغ پر ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان کاروبار اور تجارت میں خاص طور پر مصنوعی ذہانت اور انٹرنیٹ آف Things وغیرہ کے شعبوں میں دور رس تبدیلیاں آرہی ہیں۔ ملک میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کا ذکر کرتے ہوئے، جناب گوئل نے کہا کہ کاروبار اور تجارت کے مختلف شعبوں میں اصلاحات کے نتیجے میں کاروبار کرنا اور زیادہ آسان ہوگیا ہے۔

**Shah J&K Criminal Law**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں نئی دلّی میں ایک میٹنگ میں جموں و کشمیر میں نئے فوجداری قانون کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور اعلیٰ حکام نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ میں پولیس ، جیلوں ، استغاثہ اور فارینسک سے وابستہ قانون کی مختلف دفعات کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ اِن نئے قوانین کے بارے میں جموں و کشمیر کے عوام میں بیداری پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ نئے فوجداری قوانین، بھارتیہ نیائے سَنہیتا ، بھارتیہ ناگرِک سُرکشا سَنہیتا اور بھارتیہ ساکشیہ اَدھینیم کو گزشتہ سال پہلی جولائی کو ملک بھر میں لاگو کیا گیا ہے، جس کا مقصد بھارت کے قانونی نظام کے بارے میں شفافیت لانا اور اِسے معاشرے کی ضرورت کے مطابق بنانا ہے۔

**J&K-High Level Panel**

جموں وکشمیر میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کی انتظامیہ نے 74 ویں آئینی ترمیمی ایکٹ کے تحت فراہم کردہ اختیارات کے تحت شہری مقامی بلدیاتی اداروں میں کام کاج، عملے اور فنڈز کی تقسیم سے متعلق چیلنجوں کو حل کرنے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق کمیٹی کی سربراہی چیف سکریٹری کریں گے۔ اس کمیٹی میں خزانہ، مکانات اور شہری ترقیات، جنرل ایڈمنسٹریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کے اہم انتظامی اُمور کے سکریٹریز کے علاوہ سری نگر اور جموں میونسپل کارپوریشنز کے کمشنرز شامل ہیں۔

**J&K-NDMA Mock Exercises**

آفات کے بندوبست کی قومی اتھارٹی NDMA آج سے غیر ہوابازی کے شعبے میں جموں ہوائی اڈے پر زلزلے پر مرکوز آفات کے بندوبست سے متعلق ایک دو روزہ آزمائشی مشق منعقد کرے گی۔ یہ آزمائشی مشق جموں و کشمیر کے آفات کے بندوبست کے محکمے (JKDMA) اور جموں کے ایئرپورٹ اتھارٹی کے ساتھ اشتراک میں منعقد کی جائے گی۔

**PM-Fasal Bima Yojana**

پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا،PMFBY کے آج 9سال مکمل ہورہے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے سال 2016 میں اِس اسکیم کی شروعات کی تھی، جس کا مقصدفصلوں کے نقصان اور قدرتی آفات سے متاثرہ کسانوں کو معاشی امداد فراہم کرنا ہے۔ اِس

اسکیم نے اختراعی زرعی طور طریقوں کو اپنانے کے ساتھ ہی کسانوں کی آمدنی کو مستحکم کرنے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ اسکیم کی کامیابی اور اِس کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے مرکزی کابینہ نے سال 26-2025 تک پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور دوبارہ تشکیل کردہ موسم پر مبنی فصل بیمہ اسکیم کو جاری رکھنے کو منظوری دی ہے۔ اس کے لیے 69 ہزار 515 کروڑ روپے کا مجموعی بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

**PM-Ramkrishna Paramhansa**

وزیر اعظم نریندر مودی نے سوامی راماکرشن Paramhansa کو اُن کے یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا ہے کہ سوامی راما کرشن Paramhansa کی ماں کالی سے گہری عقیدت نے، خاص طور سے اُن کے پیروکاروں کو متاثر کیا ہے۔

**Digital Brand Manual**

حکومت نے سبھی سرکاری ویب سائٹوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم میں یکسانیت لانے کے لیے آج Digital Brand Identity Manual جاری کیا۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر مملکت جتن پرساد نے نئی دلی میں اِس کا اجراء کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب پرساد نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت، آئی ٹی سپر پاور کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ گرانقدر پہل، ملک کے ڈیجیٹل ایکو نظام کو مستحکم کرے گی اور ٹکنالوجی میں اختراع کو فروغ دے گی۔ Digital Brand Identity Manual، ایک جامع دستاویز ہے، جو حکومت کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر حکومت کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمس کے درمیان ڈیجیٹل پہچان قائم کرے گا۔ اِس کا مقصد، متن اور خدمات کی آسان تلاش کے لیے شہریوں کے درمیان رابطوں کو ممکن بنانے کے لیے ڈیجیٹل ہم آہنگی کو یقینی بنانا ہے۔

**Pariksha Pe Charcha**

یو پی ایس سی، آئی آئی ٹی- جے ای ای، سی بی ایس ای اور آئی سی ایس ای جیسے باوقار امتحانات کے ٹاپرس نے آج پریکشا پے چرچا 2025 کے آٹھویں اور آخری نشریے میں اپنی کامیابیوں کی داستان مشترک کی۔ بورڈ امتحانات کے ٹاپرس نے کہا کہ طلباء اپنے ذہن میں ہر طرح کی معلومات محفوظ نہیں کرسکتے، اس لیے امتحانات کے دوران اکثر پوچھے جانے والے مخصوص اسباق پر توجہ مرکوز کرنے سے مدد ملتی ہے۔ ٹاپرس نے طلباء کو مشورہ دیا کہ وہ گزشتہ سالوں کے سوالیہ پرچوں کا اعادہ کریں۔سی بی ایس ای، 23-2022 کی ٹاپر رادھیکا سنگھل نے کہا کہ غیر نصابی سرگرمیاں بھی ضروری ہیں، کیونکہ اِن سے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔ہمارے نمائندے نے بتایا کہ گزشتہ کئی سالوں سے پریکشا پے چرچا، طلباء کے لیے امتحانات سے متعلق دباؤ کو مثبت توانائی میں بدلنے کے وسیلے کے طور پر ابھرا ہے۔

**Hockey FIH**

ہاکی FIH پرو لیگ میں اڈیشہ کے بھوبنیشور میں Kalinga ہاکی اسٹیڈیم میں آج شام بھارت کے مردوں کی ٹیم کا مقابلہ جرمنی سے، جبکہ خواتین کی ٹیم کا سامنا اسپین سے ہوگا۔ ہرمن پریت سنگھ کی قیادت والی مردوں کی ٹیم فی الحال پوائنٹس ٹیبل میں آٹھویں مقام پر ہے اور وہ اپنی پوزیشن بہتر کرنے کیلئے کھیلے گی۔دوسری جانب سلیمہ Tete کی قیادت والی خواتین کی ٹیم آج اور کل اسپین کے خلاف ہونے والے اپنے مقابلوں کے لیے تیار ہے۔